Digitized by Khilafat Library Rabwah

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

فون ۴۴۹

اِنَّ الْفَضْلَ بِیَدِ اللّٰہِ یُؤْتِیْہِ مَنْ یَّشَآءُ عَسٰی اَنْ یَّبْعَثَکَ رَبُّکَ مَقَامًا مَّحْمُوْدًا

رجسٹرڈ نمبر ۵۲۵۴

روزنامہ الفضل ربوہ

The Daily ALFAZL RABWAH

ایڈیٹر مسعود احمد دہلوی

یوم سوموار

قیمت فی پرچہ ۴۵ پیسے

جلد ۶۹ | ۱۳ صفر ۱۴۰۱ھ ۲۴ فتح ۱۳۵۹ ہش ۲۲ دسمبر ۱۹۸۰ء | نمبر ۲۸۹

اخبار احمدیہ

• ربوہ ۲۰ فتح / دسمبر۔ سیدنا حضرت امام جماعت احمدیہ ایدہ اللہ تعالیٰ کی صحت کے متعلق محترم ڈاکٹر صاحبزادہ مرزا منور احمد صاحب کی مرسلہ آج صبح کی اطلاع مظہر ہے کہ حضرت اقدس کو ضعف کی شکایت ہے۔

احباب کرام پوری دلسوزی اور درد کے ساتھ شافی مطلق مولائے کریم کے آستانہ پر جھکے رہیں کہ خدا تعالیٰ ہمارے پیارے آقا ایدہ اللہ تعالیٰ کو ہر لحاظ سے کامل صحت عطا کرے۔ اور آپ کو کام کرنیوالی لمبی بابرکت زندگی عطا کرے۔ اور اپنے فرشتوں کی تائید و حمایت سے نوازتا رہے آمین

• ربوہ ۲۰ دسمبر۔ حضرت سیدہ نواب امۃ الحفیظ بیگم صاحبہ مدظلہا العالی کی عام طبیعت تو بہتر ہے لیکن کان میں درد کی تکلیف ہے جس کی وجہ سے گھبراہٹ ہے۔ احباب جماعت خاص توجہ اور التزام سے دعائیں کریں کہ اللہ تعالیٰ حضرت سیدہ ممدوحہ کو صحت کاملہ و عاجلہ عطا فرمائے آمین

جلسہ سالانہ کے انتظامات پوری طرح پایۂ تکمیل کو پہنچ گئے

افسر جلسہ سالانہ محترم چوہدری حمید اللہ صاحب سے نمائندہ الفضل کی گفتگو

ربوہ ۱۹ فتح / دسمبر۔ ڈیڑھ سے دو لاکھ آدمیوں کے قیام و طعام کا بندوبست کرنے والے عظیم ادارے دفتر جلسہ سالانہ کے سربراہ افسر جلسہ سالانہ اور ناظر ضیافت محترم چوہدری حمید اللہ صاحب ایم۔ اے نے کہا ہے کہ اللہ تعالیٰ کے فضل سے جلسہ سالانہ کے تمام انتظامات مکمل ہو چکے ہیں۔ الحمد للہ۔ جلسہ سالانہ کے منتظمین اور رضاکار حضرت بانی سلسلہ عالیہ احمدیہ کے مقدس مہمانوں کا استقبال کرنے کے لئے پوری طرح تیار ہیں۔

محترم چوہدری حمید اللہ صاحب نے نمائندہ الفضل کو ایک ملاقات میں بتایا کہ اس سال چونکہ معمول سے کافی زیادہ مہمانوں کی آمد متوقع ہے اس لئے قیام اور طعام دونوں میں وسعت پیدا کی گئی ہے تاکہ زیادہ سے زیادہ مہمانوں کے قیام و طعام کا ممکن حد تک خاطر خواہ انتظام کیا جا سکے۔ اس سلسلہ میں امسال دارالنصر غربی میں جدید پریس کے قریب ایک نیا مہمان خانہ بنایا گیا ہے۔ جس میں اس سال مشیخوپورہ ضلع و شہر کے احباب ٹھہریں گے۔ اس کے علاوہ مسجد اقصیٰ کے قریب واقع مہمان خانہ میں بھی توسیع کی گئی ہے۔ مزید برآں دارالضیافت میں گیسٹ ہاؤسوں کے معیار کا ایک نیا بلاک تیار ہو گیا ہے جس میں گیارہ بیڈ روم ہیں اور قریباً پچاس آدمیوں کی گنجائش ہے۔ اس میں بیرون پاکستان سے آنے والی مہمان خواتین کو ٹھہرایا جائے گا۔ انہوں نے بتایا کہ کھلی قیامگاہوں یعنی خیموں اور چھولداریوں کی تعداد میں بھی اس سال پچیس فیصد اضافہ کیا گیا ہے۔

کھانے کے انتظامات کے سلسلہ میں محترم چوہدری حمید اللہ صاحب نے بتایا کہ چھ لنگر خانے پوری طرح تیار ہیں۔ اس کے علاوہ بیرون پاکستان سے آئے ہوئے مہمانوں کا کھانا علیحدہ جگہ بھی پکتا ہے۔ اس سال کھانے کا انتظام پچھلے سال سے بیس فیصد زائد کیا گیا ہے۔ اس سلسلہ میں تمام اجناس وغیرہ خریدی جا چکی ہیں۔

افسر جلسہ سالانہ نے احباب سے درخواست کی کہ وہ اپنے بستر ہمراہ لائیں کیونکہ حضرت بانی سلسلہ عالیہ احمدیہ کا ارشاد یہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ علیحدہ کمروں کی درخواستیں بہت آتی ہیں۔ مگر دفتر جلسہ سالانہ مجبور ہے کہ وہ گنجائش کے مطابق محدود تعداد کو ہی کمرے مہیا کر سکتا ہے۔ انہوں نے احباب سے درخواست کی کہ جن کو علیحدہ کمرے نہ مل سکیں وہ شرح صدر کے ساتھ اجتماعی قیامگاہوں میں ہی رہائش اختیار کریں جزاکم اللہ۔

افسر جلسہ سالانہ نے بتایا کہ لگ بھگ تین ہزار رضاکاروں کی ڈیوٹیاں لگائی جا چکی ہیں۔ تمام نظامتوں کے منتظمین کو بلا کر یا ان کے پاس جا کر وہ خود ہدایات دے چکے ہیں۔ اور انتظامات کے تسلی بخش ہونے کا یقین کر لیا گیا ہے۔ انہوں نے بتایا کہ اگرچہ جلسہ سالانہ کا کام سارا سال ہی جاری رہتا ہے۔ مگر نومبر کے شروع سے یہ دفتر پوری طرح کام شروع کر دیتا ہے۔ اور اب تو جلسہ سالانہ کی ڈیوٹیاں دینے والے ناظمین بھی اپنے اپنے کمروں میں کام شروع کر چکے ہیں۔

محترم چوہدری صاحب نے احباب سے الفضل کے ذریعہ اپیل کی۔ کہ وہ جلسہ سالانہ کی کامیابی کے لئے خاص طور پر دعائیں کریں۔ تاکہ ربوہ میں قیام کے دوران حضرت اقدس کے کسی مہمان کو تکلیف نہ ہو۔ اور اللہ تعالیٰ ہمیں اپنی ذمہ داریاں پوری کرنے کی توفیق دے۔ آمین

کیا آپ چندہ عام، حصہ آمد، چندہ جلسہ سالانہ ادا فرما چکے ہیں؟ (ناظر بیت المال آمد ربوہ)

معائنہ انتظامات جلسہ سالانہ

جملہ ناظمین و معاونین جلسہ سالانہ کی خدمت میں گزارش ہے کہ مہربانی فرما کر ۲۲ دسمبر ۱۹۸۰ء بروز سوموار بوقت تین بجے شام احاطہ دفتر جلسہ سالانہ میں تشریف لے آئیں۔ حضور ایدہ اللہ انتظامات جلسہ کا معائنہ فرمائیں گے

(ناظم حاضری معاونین جلسہ سالانہ ربوہ)

جلسہ سالانہ پر آنیوالے احباب سے

انتہائی ضروری گزارش

جلسہ سالانہ پر آنے والے احباب سے گزارش ہے کہ موسم کے مطابق اپنا بستر اپنے ساتھ لانا نہ بھولیں۔ اپنا بستر ساتھ لانے کی تاکید حضرت اقدس بانی سلسلہ احمدیہ نے خود ہی فرمائی ہے۔ حضور اشتہار ۷ دسمبر ۱۸۹۲ء میں فرماتے ہیں:

"اپنا سرمائی بستر لحاف وغیرہ بھی بقدر ضرورت ساتھ لاویں۔"

(افسر جلسہ سالانہ)

خطبہ جمعہ

Digitized by Khilafat Library Rabwah

ذکرِ الٰہی سب سے بڑی اور سب سے زیادہ مؤثر نیکی اور خدا تعالیٰ کی لعنت سے بچانیوالی چیز ہے

ہر لمحہ اور ہر جہت سے نازل ہونیوالی نعماء الٰہیہ کا یہ تقاضا ہے کہ ہماری زندگی کا ہر لمحہ ذکرِ الٰہی سے معمور ہو

ہمارے دل میں یہ شدید تڑپ ہونی چاہیئے کہ اسلام سے دُور پڑی ہوئی انسانیت بھی اللہ تعالیٰ کے پیار کو حاصل کرے

خدا کرے کہ لوگ محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے احسانوں کو سمجھیں اور اپنی زندگیوں کو ذکرِ الٰہی سے ہمیشہ معمور رکھیں

از سیدنا حضرت امام جماعت احمدیہ ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز

فرمودہ ۳۱ امان ۱۳۵۹ ہش بمطابق ۳۱ مارچ ۱۹۸۰ء بمقام مسجد اقصیٰ ربوہ

تشہد و تعوذ اور سورہ فاتحہ کی تلاوت کے بعد حضور نے فرمایا:۔

ہمیں یہ بتایا گیا ہے کہ اللہ تعالیٰ کے ذکر ہی سے دل اطمینان پکڑتے ہیں۔ قرآن کریم میں اللہ تعالیٰ فرماتا ہے:۔

يَهْدِيْ اِلَيْهِ مَنْ اَنَابَ

خدا تعالیٰ ہدایت کی راہیں اُن لوگوں پر کھولتا ہے جو اُس کی طرف جھکتے ہیں اور اُس سے تعلق قائم کرتے ہیں۔

اَلَّذِيْنَ اٰمَنُوْا

جو لوگ دل سے ایمان لاتے ہیں اور زبان سے اس کا اقرار کرتے ہیں اور ایمان کے مطابق عمل کر رہے ہوتے ہیں۔

وَتَطْمَئِنُّ قُلُوْبُهُمْ بِذِكْرِ اللّٰهِ

اور اُن کی ساری کی ساری زندگی ثابت کرتی ہے کہ اُن کے دل خدا تعالیٰ کے ذکر سے مطمئن ہیں۔

اَلَا بِذِكْرِ اللّٰهِ تَطْمَئِنُّ الْقُلُوْبُ ۝

اور حقیقت یہی ہے کہ اللہ تعالیٰ کے ذکر ہی سے انسانی قلوب اطمینان اور تسکین

خوشی اور مسرت کی کیفیت

محسوس کرتے ہیں۔

دُنیا میں بہت سے ایسے ممالک ہیں اور لوگوں کے ایسے گروہ ہیں جو دُنیوی لحاظ سے بہت ترقی یافتہ سمجھے جاتے ہیں لیکن جب ہم اُن کی زندگیوں پر غور کرتے ہیں تو اُن کی انفرادی اور اجتماعی زندگی میں ہمیں اطمینان کا فقدان نظر آتا ہے۔ وہ کہتے ہیں کہ انہیں دُنیا سے بہت کچھ ملا لیکن ان کو اطمینان قلب حاصل نہیں ہوا اور وہ اس کی تلاش میں ہیں۔ اگر انسان سوچے تو یہی بات سمجھ آتی ہے کہ اللہ تعالیٰ کی یاد ہی انسان کو مطمئن کر سکتی ہے اور اس کے دل میں اطمینان پیدا کر سکتی ہے۔ انسان کو اللہ تعالیٰ کے ذکر ہی سے تسکین قلب حاصل ہو سکتی ہے۔

ایک دوسری جگہ انسانی زندگی پر نماز اور نماز با جماعت کے اثرات بیان کرنے کے بعد اللہ تعالیٰ فرماتا ہے:۔

وَلَذِكْرُ اللّٰهِ اَكْبَرُ (العنکبوت: ۴۶)

یہ جو خدا تعالیٰ کا ذکر ہے سب سے بڑی اور سب سے زیادہ مؤثر نیکی ہے۔ خدا تعالیٰ کا ذکر سب سے زیادہ قائل کرنے والی چیز ہے۔ خدا سے دُوری کی لعنت سے بچانے والی چیز ہے۔

"ذکر" کے معنے ہیں ہر وقت اللہ تعالیٰ کو یاد کرنا۔ اللہ تعالیٰ کو یاد کرنے کا مفہوم یہ ہے کہ ہم پر اللہ تعالیٰ کے جو انعامات نازل ہوتے ہیں ہم اُن پر غور کریں۔ ہم اپنی بے کسی کو سامنے رکھیں اور اس کی نعمتوں پر توجہ دیں تو ہمیں معلوم ہوتا ہے کہ خدا تعالیٰ نے ہم پر بڑا فضل کیا ہے۔ ہماری زندگی کی کوئی ایک بھی ساعت ایسی نہیں جس میں خدا تعالیٰ کا فضل اور اس کی رحمت ہم پر نازل نہ ہو رہی ہو۔ ایک یا دو رحمتوں کا سوال نہیں بلکہ ہر آن اور ہر گھڑی

اللہ تعالیٰ کی بے شمار رحمتیں

ہم پر نازل ہو رہی ہیں اور میں یہ جو کہتا ہوں کہ ہر گھڑی اور ہر آن بے شمار رحمتیں نازل ہو رہی ہیں تو اس میں میں کوئی مبالغہ نہیں کر رہا۔ یہ ایک حقیقت

ہے جس کی معقول کا ہمارے الفاظ احاطہ نہیں کر سکتے حقیقت اس سے بھی زیادہ ہے جتنی ہم بیان کرتے ہیں یا کر سکتے ہیں۔ مثلاً اللہ تعالیٰ نے فرمایا ہے

سَخَّرَ لَكُمْ مَّا فِي السَّمٰوٰتِ وَمَا فِي الْاَرْضِ جَمِيْعًا مِّنْهُ

(الجاثیہ: ۱۴)

فرمایا اس کائنات کی ہر شے کو انسان کی خدمت پر لگا دیا ہے اور اس میں کوئی استثناء نہیں ہے۔ ہر شے بلا استثناء انسان کی خدمت پر لگی ہوئی ہے۔ دنیا کی ہر چیز کی زندگی کا ہر پہلو خدا تعالیٰ کے حکم کا محتاج ہے۔ مثلاً درختوں میں سے ان درختوں کو لیں پت جھڑ کرتے ہیں، پت جھڑ کرنے والے درختوں میں سے ان کو لیں جو موسم خزاں میں پت جھڑ کرتے ہیں۔ موسم خزاں میں پت جھڑ کرنے والوں میں سے صرف شیشم کے درخت کو لیں شیشم کے درختوں میں سے صرف ایک شیشم کے درخت کو لیں اس ایک درخت کے اوپر جو پتے ہیں ان کا گننا بھی مشکل ہے اور ہمیں یہ بتایا گیا ہے کہ ہر درخت کے پتے خدا تعالیٰ کے حکم کے بغیر نہ اپنی ٹہنی پر قائم رہ سکتے ہیں نہ اس ٹہنی کو چھوڑ کر گرتے ہیں۔ اللہ تعالیٰ کی طرف سے یہ حکم ہر درخت کے ہر پتے پر نازل ہو رہا ہے اور یہ اس لئے نازل ہو رہا ہے کہ وہ درخت نشو و نما پا کر انسان کی خدمت کر سکے۔ پس

خدا تعالیٰ کی صفات کے جلوے

تو غیر محدود ہیں۔ خدا تعالیٰ کی ایک ساعت کے جلوے بھی ہماری عقل کے احاطہ سے باہر ہیں۔ خدا تعالیٰ کی صفات کے غیر محدود جلوے کائنات کی ہر چیز پر اس لئے ظاہر ہو رہے ہیں کہ وہ انسان کی خدمت کے لئے تیار ہو سکے۔ ہر چیز کے اندر یہ اہلیت پیدا ہو سکے کہ وہ انسان کی خدمت کرے اور اگر وہ جلوہ انسان پر ظاہر ہو تو یہ انسان کے فائدہ کے لئے ہوتا ہے۔ مثلاً انسانی نوع کی بجائے ایک فرد کو لے لیں میں بھی خدا کا ایک عاجز بندہ ہوں۔ میں اپنے آپ کو لے لیتا ہوں میری زندگی دو حصوں میں بٹی ہوئی ہے۔ جس طرح آپ میں سے ہر ایک کی زندگی دو حصوں میں بٹی ہوئی ہے اسی طرح میری زندگی بھی دو حصوں میں بٹی ہوئی ہے ایک میرا جسم ہے اور وہ اللہ تعالیٰ کے بنائے ہوئے قوانین کے ماتحت ہے اور ایک میری روحانی قوتیں اور استعدادیں ہیں اور وہ "يَهْدِيْ اِلَيْهِ مَنْ اَنَابَ" کی رو سے اللہ تعالیٰ کی ہدایت کی محتاج ہیں جب تک ہم اس کی طرف نہ جھکیں ہم ہدایت نہیں پا سکتے۔ میں چونکہ وضاحت کرنا چاہتا ہوں اس لئے مادی حصے یعنی مادی جسم کو لیتا ہوں۔ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے کہ انسان بھی ایک کائنات ہے اور اس کائنات کے ایک چھوٹے سے حصے کو لے کر میں اپنی بات آپ کو سمجھانا چاہتا ہوں۔ مثلاً میری انگلی ہے میرا دماغ اس کو حکم دیتا ہے یہ حکم میرے دماغ سے میری انگلی تک اعصاب (NERVES) کے ذریعہ پہنچتا ہے اور یہ کوئی لمبی رسیاں نہیں ہوتیں بلکہ چھوٹے چھوٹے ٹکڑے ہوتے ہیں جن کے درمیان فاصلہ ہوتا ہے جس وقت دماغ حکم دیتا ہے اس وقت خدا تعالیٰ کی قدرت کا جلوہ اس طرح ظاہر ہوتا ہے کہ ہر فاصلے کے درمیان

کیمیاوی اجزاء کا ایک پل

بن جاتا ہے۔ جب دو فاصلے آپس میں پل کے ذریعہ مل جاتے ہیں تو حکم آگے چلا جاتا ہے پھر آگے چلا جاتا ہے۔ پھر آگے چلا جاتا ہے۔ گویا ایک لمحہ کے ہزارویں حصے میں دماغ کا حکم بڑی تیزی کے ساتھ یہ فاصلے طے کر لیتا ہے۔ گویا ایک لمحہ کے ہزارویں حصے میں کیمیاوی اجزاء پر مشتمل کوئی چیز پیدا ہوتی ہے اور اس طرح دماغ کا حکم انگلی تک پہنچ جاتا ہے۔ سائنس والوں نے تحقیق کی ہے کہ جس وقت دماغ کا حکم اس پل پر سے گزر جائے تو اگر فوری طور پر خدا تعالیٰ کا دوسرا حکم نازل ہو کر کیمیاوی پل کو وہاں سے ہٹا نہ دے تو اسی وقت انسان کی موت واقع ہو جائے مثلاً ایک مکہ باز ہے (میں تو مکے باز نہیں میں تو پیار کرنے کے لئے پیدا ہوا ہوں) بہرحال مکہ باز باکسنگ کرتا ہے وہ اپنی طرف سے تو اپنے حریف کو زور زور سے مکے مار رہا ہوتا ہے لیکن وہ یہ نہیں سوچتا کہ اس مکے کا حکم دماغ سے چل کر ہاتھ تک ہزارہا موتوں میں سے گذرا تب جا کر وہ اپنا مکہ لگانے میں کامیاب ہوا پہلے ہم محاورہ کے طور پر یہ کہتے تھے کہ ایک ساعت کا بھی اعتبار نہیں لیکن اب یہ بات سمجھ میں آئی ہے کہ ساعت کے ایک ہزارویں حصے کا بھی اعتبار نہیں ہے۔ خدا تعالیٰ نے جب کسی انسان کی جان لینی ہوتی ہے تو اسے فرشتے بھیجنے کی ضرورت نہیں پڑتی۔ سائنس کی نئی تحقیق کے مطابق وہ پل کو کہے گا اپنی جگہ پر کھڑا رہ اور پل کے وجود کا قیام انسانی زندگی کا اختتام ثابت ہوگا۔

پس خدا تعالیٰ کے یہ بے شمار احکامات ہیں جن کو

Digitized by Khilafat Library Rabwah

اسلامی اصطلاح میں

ہم حکم بھی کہتے ہیں اور امر بھی کہتے ہیں اور وحی بھی کہتے ہیں یہ احکامات باری تعالیٰ جو بے شمار اور غیر محدود ہیں، اس کائنات کی ہر چیز پر اس لئے نازل ہو رہے ہیں کہ جیسا کہ خدا تعالیٰ کا منشاء ہے۔ ہر چیز انسان کی خدمت کرے خدا تعالیٰ اپنے احکام کے ذریعہ انسان کی ایسے رنگ میں پرورش کرتا ہے کہ وہ خدا تعالیٰ کی پیدا کردہ اشیاء سے خدمت لے سکے یہ ایک چھوٹا سا دائرہ ہے جس میں انسان کو آزاد چھوڑ دیا گیا ہے بعض دفعہ وہ ابا اور استکبار سے کام لیتا ہے اور خدا تعالیٰ سے دور چلا جاتا ہے۔ خدا تعالیٰ سے اس کی یہ دوری محض روحانی دوری ہے کیونکہ انسانی جسم تو دور جا ہی نہیں سکتا۔ انسان کے اعصاب تو چھوٹے چھوٹے ٹکڑوں پر مشتمل ہوتے ہیں وہ خدا تعالیٰ کو یہ نہیں کہہ سکتے کہ اے خدا تو پل بنا یا نہ بنا حکم خود بخود جسم کے مختلف حصوں میں چلا جائے گا یا وہاں سے ان پلوں کو ہٹا یا نہ ہٹا ہم زندہ رہیں گے جسم کا کوئی حصہ یہ نہیں کہہ سکتا خدا تعالیٰ کا حکم تو بہرحال جاری ہے لیکن وہ وحی حکم یا امر اور ہدایت جو روحانی زندگی کی نعمتوں کے حصول کے لئے ہے خدا تعالیٰ کی رضا کی جنتوں کو پانے سے جس کا تعلق ہے اس میں انسان کو آزادی دی گئی ہے تاکہ دوسری دنیا کے انعامات کے جو مختلف حصے ہیں وہ اسے زیادہ سے زیادہ مل سکیں، دوسری مخلوق مثلاً فرشتوں کے متعلق یہی کہا گیا ہے کہ جو کہا جاتا ہے وہ کرتے ہیں کیونکہ ان کی بناوٹ ہی ایسی ہے اس لئے ان کی کوئی خوبی نہیں اس لئے ان کے لئے کوئی ثواب نہیں، کوئی انعام نہیں کوئی جزاء اور سزا نہیں لیکن انسان کے لئے جزا اور سزا ہے مگر ہے ایک چھوٹے سے دائرہ میں جس کا تعلق اس کی روحانیت کے ساتھ ہے۔

میں احباب جماعت کو بتا رہا ہوں کہ

ہماری زندگی کے ہر لمحہ میں

ہر جہت سے خدا تعالیٰ کی بے شمار نعمتیں ہم پر نازل ہو رہی ہیں اس لئے ہماری

زندگی کا کوئی ایک لمحہ بھی ایسا نہیں ہونا چاہیئے جو خدا تعالےٰ کی یاد سے خالی ہو یا ذکر الٰہی سے معمور نہ ہو۔ کوئی ناسمجھ اپنی جہالت میں جو مرضی کہدے لیکن حقیقت یہی ہے کہ اسلام نے ہمیں بتا دیا ہے اور قرآن کریم نے کھول کر ہم پر واضح کر دیا ہے اس لئے کوئی عقلمند انسان اس علم کے باوجود یہ دعویٰ نہیں کر سکتا کہ انسان کے لئے ایک لمحہ بھی خدا تعالےٰ کے ذکر سے خالی رہنے کا کوئی جواز ہے قطعاً کوئی جواز نہیں بلکہ انسان یہ محسوس کرتا ہے کہ اس کی زندگی کا ہر لمحہ خدا تعالےٰ کی یاد میں گزرنے کے باوجود وہ اللہ تعالےٰ کی نعماء کا بدلہ اور شکر ادا نہیں کر سکتا کیونکہ وہ اپنی محدود طاقتوں کے ساتھ غیر محدود نعمتوں کا شکریہ کیسے ادا کر سکتا ہے یہ تو اللہ تعالیٰ کا فضل ہے کہ اس نے کہا جتنی تمہیں طاقت دی ہے اس سے زیادہ تم پر بوجھ نہیں ڈالوں گا لیکن اس نے یہ ضرور کہا کہ جتنی طاقت دی ہے اتنا بوجھ برداشت کر لینا تاکہ میری رضا کی جنتوں میں داخل ہو سکو۔

پس ہم پر دو ذمہ داریاں ہیں۔ ہم سے مراد

افرادِ جماعتِ احمدیہ

ہیں جن کو میں نصیحت کرنے کا حق رکھتا ہوں اور مجاز ہوں۔ ایک ذمہ داری یہ ہے کہ ہماری زندگی کا کوئی لمحہ اللہ تعالےٰ کے ذکر سے خالی نہ ہو۔ دوسری ذمہ داری یہ ہے کہ خدا تعالےٰ کے ذکر سے اپنی زندگی کا ہر لمحہ معمور رکھنے اور خدا تعالےٰ کے پیار کو حاصل کرنے کے ساتھ ساتھ ہمارے دل میں یہ شدید تڑپ ہونی چاہیئے کہ انسانیت جو اسلام سے دور پڑی ہوئی ہے وہ بھی اللہ تعالےٰ کے پیار کو حاصل کرے اور جیسا کہ خدا تعالےٰ نے اعلان فرمایا ہے۔ خدا تعالےٰ کی ہدایت وہی پائے گا جو اس کی طرف جھکے گا اس لئے یہ دعا ہونی چاہیئے کہ اللہ تعالےٰ ان کو توفیق عطا کرے، وہ بھی انابت الی اللہ کی توفیق پائیں اور اس کے بدلے میں خدا تعالےٰ ان کی ہدایت کے سامان پیدا کرے۔ محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے انسانیت پر عظیم احسان کئے ہیں۔ آپؐ نے انسان کو خدا سے ملا دیا۔ خدا کرے بنی نوع انسان آپؐ کے ان احسانوں کو سمجھیں اور آپؐ پر درود بھیجنے لگیں اور لوگ اپنی زندگیوں کو اللہ تعالےٰ کے ذکر سے ہمیشہ معمور رکھیں۔

مجلس مشاورت کے ان دو چار دنوں میں ہمارے یہاں جس قسم کی مصروفیت رہے گی اس میں اپنے اوقات کو اللہ تعالےٰ کے ذکر سے خاص طور پر معمور رکھیں اور

دعائیں کریں

کہ اللہ تعالےٰ اپنے فضل سے ہماری ہر سوچ اور فکر کو راہ راست دکھائے، ہمارے لئے نور سے معمور ماحول پیدا کرے اور ہدایت کے سامان عطا فرمائے۔ اللہ تعالےٰ ہمارے فیصلوں میں برکت ڈالے اور رحمتوں سے نوازے۔ آمین۔ (الفضل ۱۱ جون ۱۹۸۰ء)

قائدین مجالس و ناظمین اطفال توجہ فرماویں

وقف جدید کا سال ختم ہونے میں تھوڑے دن باقی رہ گئے ہیں آپ اپنی کوششوں کو تیز تر فرماویں اور مجلس کے چندہ وقف جدید "اطفال" کی سو فیصد وصولی کر لیں۔ خدا تعالےٰ آپ کی کوششوں میں برکت پیدا کرے۔ آمین۔

(سیکرٹری وقف جدید اطفال الاحمدیہ مرکزیہ ربوہ)

Digitized by Khilafat Library Rabwah

خدا جانے ہے کیا تاثیر ربوہ کے نظاروں میں

انہی کی آج باتیں ہو رہی ہیں چاند تاروں میں

بدل دیتے ہیں صحرا کو جو اکثر لالہ زاروں میں!

دعائے اہلِ دل سن لی خداوندِ محمدؐ نے

فلک نے راز کہہ ڈالا اشاروں ہی اشاروں میں

خدا کے دین کا پھر ہر طرف بجنے لگا ڈنکا!!

بنوں میں وادیوں میں گلشنوں میں کوہساروں میں

صدائے نعرۂ تکبیر ہر جانب سے آئے گی

ہوا ہے فیصلہ یہ آج دنیا کے کناروں میں

مرا بھی کام بن جائے مری بھی بات رہ جائے

جو لکھ لیں نام میرا بھی وہ اپنے جاں نثاروں میں

حرارت آگئی چلنے لگیں بیمار کی نبضیں!

خدا جانے ہے کیا تاثیر ربوہ کے نظاروں میں

چلیں گے اب کے جلسہ کی بہاریں دیکھنے ہم بھی

یہی سرگوشیاں شام و سحر ہوتی ہیں یاروں میں

نئی راہیں سجھائی ہیں محبت نے مرے دل کو

نیا مفہوم آیا ہے نعیمؔ اُن کے اشاروں میں

(فضل الرحمٰن نعیمؔ)

اجیبواوڈے نائیجیریا مغربی افریقہ میں

قرآن مجید کے تراجم اور قطعات کی نویں نمائش

(مرتبہ مکرم صفی الرحمان خورشید صاحب مبلغ مقیم اجیبواوڈے)

امسال جماعت احمدیہ اجیبواوڈے نے چودہویں صدی کے اختتام اور پندرہویں صدی کے شروع ہونے پر ایک جامع پروگرام مرتب کیا۔ اس میں سب سے اہم قرآن کریم کے تراجم کی نمائش تھی۔

مورخہ ۷ نومبر ۱۹۸۰ء جو کہ صدی ہجری کا آخری دن تھا کو نمائش کے افتتاح کے لیے رکھا گیا تھا۔ اور اس کے لیے مکرم آئی جی اسحاق ثانی صاحب جو کہ اوگون سٹیٹ کے کمشنر آف ورکس اور ٹرانسپورٹ ہیں کو دعوت دی گئی جو انہوں نے بخوشی قبول کر لی۔

نمائش کے لیے شہر کے وسط میں ٹاؤن ہال کو چار دن کیلئے کرایہ پر حاصل کر لیا گیا۔ اور اس میں ایک دن قبل ہی نمائش کی تیاری شروع کر دی گئی تھی۔ اس افتتاحی تقریب کے لیے معززین شہر اور ملحقہ مشنوں کے تمام احباب جماعت کو دعوت نامے بھجوا دیئے گئے تھے۔ اور بیرونی جماعتوں سے دوست قبل از جمعہ ہی آگئے تھے۔ محترم مولوی محمد اجمل صاحب امیر جماعت اجیبواوڈے عبدالرحیم صاحب جسٹس ہائی کورٹ لیگوس کی معیت میں قبل دوپہر پہنچے۔ اور سارے انتظامات کا جائزہ لیا گیا۔ اور ہال کو رنگا رنگ جھنڈیوں سے سجایا گیا تھا۔ اور بڑی تعداد میں خوبصورت قطعات اور دوسری اشیاء کو رکھا گیا تھا۔ تاکہ لوگوں کو یہ معلوم ہو سکے کہ ہماری جماعت نے قرآن مجید کی اشاعت کا بیڑا اٹھایا ہے۔ اس کے لیے کوشاں ہے ہال سے باہر ایک وسیع پنڈال بھی تیار کیا گیا تھا

افتتاحی تقریب

مکرم صاحب صدر جناب آئی جی ثانی صاحب وقت مقررہ پر تشریف لائے۔ اور کرسیٔ صدارت پر بیٹھنے کے بعد خاکسار صفی الرحمان خورشید کی تلاوت قرآن کریم سے کاروائی کا آغاز ہوا۔ اس کے بعد اجیبواوڈے کے اطفال اور ناصرات نے احمدیت کا ترانہ پڑھا۔ اور محترم امیر صاحب نے اپنے افتتاحی خطاب میں فرمایا کہ آج بڑا ہی خوشی کا دن ہے کہ ایک تاریخ میں یہ دن سنگ میل کی حیثیت رکھتا ہے کہ چودہویں صدی کا آخری دن اور پندرہویں کا آغاز ہے۔ اور تمام مسلمان اس بات کیلئے بھی خوش ہیں کہ اب اسلام کی تجدید کیلئے خدا تعالیٰ اپنے بندے کو مبعوث کریگا۔ جو اسلام کی عظیم الشان تعلیم کو دنیا کے کناروں تک لے جائے گا اور پھر ایک ہی دین اسلام ہوگا اور ایک ہی نبی آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم ہوں گے۔ گذشتہ صدی میں آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی پیشگوئیوں کے مطابق مسیح و مہدی کا ظہور ہوا اور یہی ایک بات ہے کہ حضرت مرزا غلام احمد صاحب قادیانی نے ہی آکر یہ دعویٰ کیا کہ وہ خدا تعالیٰ کی طرف سے ہیں۔ اور آپ نے آکر کہا کہ اسلام زندہ مذہب اور قرآن مجید زندہ کتاب ہے۔ اس لیے ہمارے موجودہ امام ایدہ اللہ تعالیٰ نے اس صدی کیلئے قرآن مجید کی اشاعت کا عظیم منصوبہ بنایا ہے۔ اور جماعت اس بات کیلئے کوشاں ہے کہ قرآن ہر قوم مذہب اور ملت کو اس کی زبان میں ترجمہ شدہ ملے۔ تاوہ اپنی روحانی پیاس کو بجھا سکیں۔ آپ کے خطاب کے بعد محترم صاحب صدر نے اپنے خطاب میں فرمایا کہ آج کا دن میرے لیے خوشی اور مسرت کا دن ہے کہ مجھے ایک ایسی مبارک اور عظیم قرآنی نمائش کے افتتاح کی سعادت میسر آرہی ہے آپ نے فرمایا کہ میرا جماعت احمدیہ سے تعلق بہت پرانا ہے گو میں عقیدہ کے لحاظ سے احمدی نہیں مگر جماعت نے جو کام اسلام اور قرآن مجید کی خدمت کرنے میں انجام دیا ہے ان کے لیے میں ہمیشہ سے اس کا مداح ہوں۔ احمدیت ہی ہے جس نے آکر لوگوں کے دلوں میں پھر سے اسلام کی عظمت بٹھائی اور جس نے قرآن مجید کا ترجمہ کر کے اس بات کیلئے ہمیں تیار کیا کہ ہم دوسرے مذاہب کو چیلنج کر سکتے ہیں کہ اسلام اور قرآن مجید اللہ تعالیٰ کی طرف سے ہیں اور دونوں ہی تحریف سے پاک ہیں۔ قرآن مجید کا یورو با ترجمہ ایک ایسا عظیم کارنامہ ہے جو جماعت نے کیا ہے۔ اور دوسرے مذاہب میں ہماری قدر و وقعت بڑھ گئی ہے۔ آپ نے کہا کہ جماعت احمدیہ نے آکر ہمیں ان پرانے خیالات اور ذلت کی حالت سے نکالا ہے جسکے لیے ہم ازحد ممنون ہیں اس طرح سے ابھی تک بہت کچھ ہے جو ہم نے آپ سے سیکھنا ہے۔ اس لیئے آپ تیار رہیں اب لوگ مزید آپ کے پاس آکر اپنی پیاس کو بجھانے کی کوشش کریں گے اس کے لیے آپ ان کی راہنمائی کریں۔

آپ نے جماعت احمدیہ کی تعلیم اور صحت کے میدان میں بھی خدمات کو سراہا اور کہا کہ آپ نے صرف روحانی بیماریوں کا علاج کرتے ہیں بلکہ اس کے ساتھ ساتھ جسمانی اور تعلیمی میدان میں بھی خدمات سرانجام دیکر آپ نے نہ صرف ہم پر بلکہ سارے افریقہ پر ایک بہت بڑا احسان کیا ہے۔

اس کے بعد آپ نے قرآن مجید کی نمائش کا افتتاح کیا۔ فرمایا۔

نمائش ہال میں جب تراجم اور قطعات دیکھے تو انہوں نے فرمایا کہ آپ کی جماعت واقعی قابل تعریف ہے اس کے لیے انہوں نے دوسرے مسلمانوں سے بھی اپیل کی کہ اس کار خیر میں آپ کا ہاتھ بٹائیں تا اسلام کا غلبہ جلد از جلد ہو جائے۔

اسکے بعد محترم الفا آدمز صاحب نے تمام موجود احباب کا شکریہ ادا کیا۔ مشروبات سے تواضع کی گئی اور محترم امیر صاحب نے آخر میں دعا کروائی اور افتتاحی اجلاس کی تقریب اختتام پذیر ہوئی

۸ اور ۹ نومبر کو یہ نمائش صبح ۸ بجے سے شام ۱۰ بجے تک عام پبلک کیلئے کھلی رہی اور لوگ جوق در جوق آکر اس سے مستفیض ہوتے رہے بہت سارے غیر از جماعت دوستوں نے جماعت کی اس کوشش کو سراہا اور کہا کہ آپ نے قرآن کریم کی بہت ہی خدمت کی ہے۔ ایک سکول کے پرنسپل صاحب نے اظہار خیال کرتے ہوئے فرمایا کہ ابھی تک ہمارے مسلمانوں میں اتحاد و اتفاق نہیں ورنہ ہمارے پاس جو خزائن ہیں انکا مقابلہ دنیا کی کوئی طاقت نہیں کر سکتی۔

ان ایام میں بہت سارے دوست آتے رہے ان کے سوالات کے جوابات خاکسار مکرم رشید اگبوئر صاحب لوکل مبلغ لیگوس اور مکرم یوسف صالح ۱۱ آلائی صاحب لوکل مبلغ ایبے (EPE) دیتے رہے۔

تین روز جاری رہنے کے بعد مورخہ ۹ نومبر کو بعد از دوپہر یہ نمائش اختتام پذیر ہوئی۔ دعا فرمائیں اللہ تعالیٰ اس نمائش کو ایک تبدیلی کا ذریعہ بنائے۔ اور لوگ نہ صرف اسلام بلکہ موجودہ زمانہ میں امام الزمان کو قبول کر لیں تاکہ اسلام اور احمدیت کا غلبہ جلد از جلد ہو جائے۔ (آمین)

آمین

آپ کا فرض!

جلسہ سالانہ کے مبارک ایام میں بعض اوقات احباب کی کئی چیزیں تبدیل ہو جاتی ہیں اس صورت میں آپکا فرض ہے کہ:-

۱۔ فوری طور پر دفتر معلومات (نزد خلافت لائبریری) سے رابطہ قائم فرمائیں۔

۲۔ ہمیشہ اپنی نقدی، زیورات، یا دیگر قیمتی اشیاء کی خود حفاظت کریں۔

۳۔ وضو کرتے ہوئے یا نماز ادا کرتے وقت اپنی گٹھڑیوں، بوٹوں اور کوٹ و کمبل وغیرہ کو محفوظ جگہ رکھیں یا کسی کے سپرد کر دیں۔

۴۔ اپنے کمسن بچوں کی جیب میں ہمیشہ ایک کارڈ رکھیں جس پر بچے کا نام مع ولدیت اور ربوہ میں رہائش کا مکمل پتہ درج ہو۔

۵۔ کسی چھوٹی یا بڑی چیز کے گم ہو جانے یا کہیں سے ملنے پر دفتر معلومات میں فوراً رپورٹ فرمائیں۔

یاد رہے کہ دفتر معلومات ۲۲ دسمبر سے آپ کی خدمت کے لیئے دن رات کھلا رہے گا۔

(ناظم معلومات و فوری امداد)

کارکنات جلسہ سالانہ توجہ فرمائیں

جلسہ گاہ جلسہ سالانہ ۱۹۸۰ء کی کارکنات کی پہلی حاضری ۴ دسمبر ۳ بجے شام جلسہ گاہ میں ہوگی۔

اسی طرح قیام گاہ میں ڈیوٹی دینے والی کارکنات کی پہلی حاضری ۲۲ دسمبر ۳ بجے شام لجنہ ہال میں ہوگی۔

(صدر لجنہ اماء اللہ مرکزیہ)

درخواست دعا

مکرم خلیق احمد صاحب دارالیمن شرقی ربوہ کے والد محترم شریف احمد صدیقی صاحب کپور تھلوی ایک عرصہ سے اعصابی کمزوری اور دیگر عوارض کی بناء پر بیمار چلے آرہے ہیں پچھلے دنوں ان کی طبیعت زیادہ خراب ہو گئی تھی اب پہلے سے افاقہ ہے لیکن سانس کی تکلیف زیادہ ہونیکی وجہ پریشانی بہت ہے۔ احباب سے ان کی کامل و عاجل شفا کیلئے دعا کی درخواست ہے۔

Digitized by Khilafat Library Rabwah

Digitized by Khilafat Library Rabwah

جلسہ سالانہ پر آنے والے دوستوں کے لئے ہدایات

خداوند تعالیٰ کے فضل و کرم کے ساتھ جلسہ سالانہ کے ایام قریب سے قریب تر آتے جا رہے ہیں جلسہ میں شمولیت کیلئے جہاں ہزاروں ہزار افراد جماعت آتے ہیں وہاں بعض ثمر لیند اور ناپسندیدہ افراد کے آنے کا بھی احتمال ہوتا ہے۔ احباب جماعت کو اپنے فائدہ کیلئے درج ذیل ہدایات پر عمل کرنا چاہیئے۔

- جملہ جماعتوں کے احباب کوشش کریں کہ اکٹھے سفر کریں تا سفر میں سہولت رہے۔ اور جماعت کے ساتھ جو برکت ہوتی ہے اس سے بھی مستفیض ہوں۔
- اپنے ہمراہ صرف وہی سامان لائیں جو موسم کے لحاظ سے ضروری ہو۔ غیر ضروری سامان کپڑے یا زیور نہ لائیں
- اپنے جملہ سامان پر نام اور مکمل پتہ (جہاں سے روانہ ہوں اور جہاں ٹھہرنا ہو) کے لیبل گوند یا لئی سے چسپاں کریں۔
- گاڑی پر چڑھتے یا اترتے وقت عجلت سے کام نہ لیں۔ مکمل حوصلہ۔ صبر اور سکون سے اپنا سامان گاڑی میں رکھیں نیز یہ بھی خیال رہے کہ راستہ میں بھی اپنے سامان سے غفلت نہ کریں۔
- بچوں کو زیور نہ پہنائیں بلکہ مصنوعی زیورات کے استعمال سے بھی اجتناب کریں۔
- اپنے بچوں کی جملہ وقت نگہداشت رکھیں۔ اور چھوٹے بچوں کے گم ہونے سے بچانے کیلئے بچہ کا نام مع ولدیت اور پورا پتہ لکھ کر بچہ کی جیب میں ڈال دیں یا اس کے بازو پر باندھ دیں۔
- آپ جب ریلوے اسٹیشن یا بس کے اڈہ پر گاڑی سے اتریں تو اپنا سامان قلی کے حوالہ کرنے سے پہلے قلی کا نمبر دیکھ لیں اور کسی ایسے قلی کو سامان نہ دیں جس کے پاس نمبر نہ ہو اپنے سامان کی اچھی طرح دیکھ بھال کرنے کے بعد اسٹیشن یا اڈہ سے روانہ ہوں اور راستہ میں بھی قلی پر نگاہ رکھیں اگر کسی قسم کی کوئی دقت پیش آئے تو فوراً استقبال کے عملہ کو اطلاع دیں۔
- جہاں آپ کا قیام ہو جلسہ میں جانے سے پہلے اپنے سامان کی حفاظت کا مکمل بندوبست کر کے جائیں نیز قیام گاہوں کے منتظمین کو اپنی آمد و رفت سے باخبر رکھیں۔
- ہجوم میں جلد بازی عام طور پر نقصان کا باعث ہوتی ہے۔ اسی وجہ سے جلسہ گاہ سے نکلتے وقت اسٹیشن یا بسوں کے اڈہ جہاں کہیں بھی ہو پوری تسلی اطمینان اور وقار سے کام لیں۔ ایسے موقع پر جیب کتروں سے ہوشیار رہیں۔
- اپنی جیبوں سے تمام روپے عام لوگوں کے سامنے نہ نکالیں نہ اپنے بٹوے کو ایسی جگہ پر لاپرواہی سے کھولیں جہاں تمام نگاہیں آپ کے بٹوے کا جائزہ لے سکیں۔
- مستورات کو چاہیئے کہ سفر و حضر میں پردہ کا خاص طور پر اہتمام کریں۔
- دوران قیام ربوہ پہاڑیوں پر چڑھنے سے اجتناب کریں کیونکہ اس سے حادثہ کا امکان ہو سکتا ہے۔
- اگر کوئی شخص بدمزاجی سے پیش آئے یا کوئی لڑائی جھگڑا کرے تو اس سے احتراز کریں یا بالموعظۃ الحسنۃ کے مطابق اسے حکمت و دانائی سے باز رکھنے کی کوشش کریں اور نرمی اور محبت سے اسے سمجھائیں۔
- سفر کے دوران متواتر استغفار۔ درود شریف اور مسنون دعائیں پڑھتے رہیں۔ جلسہ کی کامیابی پاکستان کے استحکام اور اسلام کی ترقی کیلئے خاص طور پر دعائیں کریں۔
- جلسہ کے منتظمین سے تعاون کا خاص خیال رکھیں جو آپ کی سہولت اور آرام کیلئے شب و روز کوشاں ہوں گے۔
- جلسہ کے اوقات میں اپنا وقت جلسہ گاہ میں گزاریں۔ تقاریر کے دوران بازار اور دکانوں میں نہ بیٹھیں
- امور عامہ کا دفتر جلسہ کے دوران بھی کھلا رہتا ہے اس لیے دوست ضرورت کے وقت تشریف لا سکتے ہیں۔
- کوئی دوست اپنے ہمراہ کسی قسم کا اسلحہ نہ لاویں۔

(ناظر امور عامہ)

مدینہ موٹرز
جنرل کمیشن ایجنٹس
کیس سٹریٹ ربوہ

(۵) نئی اور پرانی کاروں۔ موٹر سائیکل۔ سکوٹر کی خرید و فروخت کا با اعتماد ادارہ
(۵) بہترین کارسروس۔ ربوہ میں اور ربوہ سے باہر شادی بیاہ ہسپتال۔ ائرپورٹ کیلئے دن رات کار سروس
(۵) کار اور موٹر سائیکل کی بکنگ سروس بھی کی جاتی ہے نیز پلگ۔ پوائنٹ۔ بریک آئل۔ موبل آئل بھی دستیاب ہیں۔

خصوصی پیشکش ۳۰ دسمبر تک ۵/- کی خریداری پر کی رنگ (KEY RING) مفت دیا جائیگا۔

پروپرائیٹر۔ شیخ انعام الٰہی

النور کاجل

جو حضرت ... کے نسخہ کے عین مطابق تیار کیا گیا ہے۔ جو جملہ امراض چشم کا شافی علاج ہے جلسہ سالانہ کے ایام میں ربوہ کے ہر جنرل سٹور پر دستیاب ہے۔

الیاس دواخانہ نزد مسجد اقصیٰ ربوہ

بفضلہ تعالیٰ

خالص آفتابی سلاجیت

ہم سے طلب فرمائیں جو کہ موسم سرما کی تمام بیماریوں کا واحد علاج ہے قیمت ۲۰ تولہ صرف ۶۰/- روپے

جڑی بوٹی سپلائی سٹور مانسہرہ

دانت

نکلوا کر بھی آرام نہیں آیا؟ کیونکہ مرض کا سبب باقی ہے۔
پائیوریا کا سبب "اینٹی پائیوریا" اور کیریز کی وجہ "اینٹی کیریز" سے دور ہو جاتی ہے۔

کیوریٹو میڈیسن (ڈاکٹر راجہ ہومیو) کمپنی رجسٹرڈ
پاکستان لاہور کراچی ہیڈ آفس گولبازار ربوہ
فون نمبر ۶۰۷/۶۰۶

ضرورت باورچی۔ بیرا

"تحریک جدید انجمن احمدیہ کو اپنے گیسٹ ہاؤس کیلئے ایک باورچی اور ایک بیرا کی فوری ضرورت ہے خواہش مند حضرات اپنے امیر سے تصدیق شدہ درخواستیں بھجوائیں یا دفتری اوقات میں خود درخواست لیکر ملیں۔" وکیل اعلیٰ تحریک جدید

اچھی صحت راز ہے زندگی کا

تریاق سلیمانی	۱۵/-	زد جام عشق ۶۰ گولیاں	۶۰/-
سرمہ حمید خورد	۵/-	معجون فلاسفہ ۲۵۰ گرام	۲۲/-
حب اکسیر الٹھراد مکمل کورس	۳۰/-	معجون موصلی خاص ۲۵۰ گرام	۲۰/-
حب نور چشم و فضل کیپسول مکمل کورس	۴۰/-	معجون بیضہ مرغ ۲۵۰ گرام	۲۲/-
شانتی کیپسول ۶۰ کیپسول	۳۰/-	معجون مقوی دماغ جواہر والی ۲۵۰ گرام	۲۰/-
منسوپن کیپسول ۲۴ کیپسول	۱۲/-	سفوف مقوی دماغ	۲۰/-
مینسوبے بی ٹانک (ٹکیاں)	۵/-	حب فولاد جواہر والی ۶۰ گولیاں	۱۵/-
گولڈن بے بی ٹانک (شربت)	۵/-	حب مقوی اعصاب ۶۰ گولیاں	۱۵/-
ماء الحیات ۲۵۰ ملی لیٹر	۱۵/-	حب اکسیر البدن جواہر والی ۳۰ گولیاں	۱۵/-
حب موصیائی عنبری ۳۰ گولیاں	۱۵/-	وگرومین ٹانک ۶۰ گولیاں	۶۰/-
حب ہمزاد ۲۰ گولیاں	۵/-	شوگرون ۶۰ گولیاں	۳۰/-
اکسیر مناصل ۴۰ گولیاں	۱۰/-	موٹاپون ۳۰ گولیاں	۱۵/-

المنار دواخانہ گولبازار ربوہ

نرینہ اولاد سے محروم بے اولاد اور مرض الٹھرا کے شکار دکھی عورتوں کیلئے

۱۹۱۱ء سے ایک ہی نام (ھوالشافی) دواخانہ حکیم نظام جان

حکیم انوار احمد جان ابن حکیم نظام جان چوک گھنٹہ گھر گوجرانوالہ فون ۷۳۹۹۷

مکان نمبر ۳/۱۵ نزد ناصر کنڈر گارٹن سکول (دواخانہ حکیم نظام جان) دوائی اور مشورہ کیلئے یہاں تشریف لاویں۔

Digitized by Khilafat Library Rabwah

معجون نوفل
(پاک سپاری)
مکمل کورس ۲۵/-
دواخانہ خدمت خلق رجسٹرڈ
گولبازار ربوہ

الشرکۃ الاسلامیہ لمیٹڈ ربوہ
کا سالانہ اجلاسِ عام

مورخہ ۳۰ دسمبر ۱۹۸۰ء بوقت گیارہ بجے صبح دفتر الشرکۃ الاسلامیہ لمیٹڈ گولبازار ربوہ میں منعقد ہوگا تمام حصہ داران سے شرکت کی درخواست ہے۔

ایجنڈا حسب ذیل ہے

ایجنڈا

۱- رپورٹ بابت حسابات نفع ونقصان و بیلنس شیٹ از یکم نومبر ۷۹ء تا ۳۰ جون ۸۰ء مع ڈائریکٹرز رپورٹ
۲- انتخاب ڈائریکٹرز کمپنی برائے سال آئندہ
۳- انتخاب آڈیٹر برائے سال آئندہ
۴- اور کوئی تجویز جو ممبران پیش کرنا چاہیں۔

خاکسار ظہور احمد باجوہ
چیئرمین الشرکۃ الاسلامیہ لمیٹڈ ربوہ

جرمن (ر)، امریکن (ر)، اور پاکستانی خالص
ہومیوپیتھک وبایوکیمک
ادویات
کھلی یا سربمہر خریدنے اور پیچیدہ امراض کے علاج کیلئے تشریف لائیں
شاہ ہومیوپیتھک اسٹورز اینڈ ہسپتال
رحمت بازار ربوہ

دوا
تدبیر ہے اور
دُعا
اللہ تعالیٰ کے فضل کو جذب کرتی ہے
ہمدردانہ مشورہ اور قابلِ اعتماد
اصولی علاج کے لئے
مطب
ناصر دواخانہ گولبازار ربوہ
فون نمبر ۵۳۴

احبابِ کرام!
ربوہ شہر اور مضافات ربوہ میں موزوں رہائشی پلاٹس۔ مکانات۔ کوٹھیاں اور زرعی زمین کی خرید و فروخت کیلئے "مومن اسٹیٹس" کی خدمات سے استفادہ فرمائیں۔
مومن اسٹیٹس گولبازار ربوہ
(فون ۵۱۷ P.P)

ہر گھر میں ہر وقت رکھنے کی
دوا
ہاضمون رجسٹرڈ
امراض معدہ کے لیے اکسیر اعظم
نصرت دواخانہ گولبازار ربوہ

گوجرانوالہ فون نمبر ۷۴۸۴۴
ربوہ فون نمبر ۶۳۸
آپ کو معلوم ہو کہ
ہمارے دواخانہ
ملیسی زحکیم نظام جان اینڈ سنز
کا نام اب
مشہور دواخانہ رجسٹرڈ
ہو چکا ہے
زیر نگرانی
حکیم عبدالحمید جانشین و فرزند
حضرت حکیم نظام جان رح

خدمت کی راہوں پر رواں دواں
دیرینہ خادم
مشہور دواخانہ (حکیم نظام جان مرحوم والا)
چوک گھنٹہ گھر۔ گوجرانوالہ

زرخیز اراضی ۳۰ مربعہ
زرخیز اراضی برائے فروخت واقع موضع بیجکرائیں تحصیل تونسہ ضلع ڈیرہ غازیخان موجود ہے۔
تفصیلات کیلئے ملئے
مولوی عبدالرحمٰن مبشر مختار عام
رحمانیہ منزل بلاک جی ڈیرہ غازیخان
جو جلسہ سالانہ کے موقع پر ربوہ میں "بکسٹال ترجمۃ القرآن" بالمقابل شرکت الاسلامیہ مل سکتے ہیں۔

احمدی بھائیوں کے مشہور جیولرز
نیو پاک جیولرز
۱۱۱- فیروزپور روڈ نزد گلیکسی سینما اچھرہ لاہور (ایئرکنڈیشنڈ)
فون نمبر ۴۱۰۹۷۴
۱۲- ذیلدار روڈ اچھرہ لاہور (ایئرکنڈیشنڈ)
پروپرائٹر: میاں عظیم قادر اینڈ سنز

مشہور دواخانہ
کی طرف سے
جلسہ سالانہ کے ایام میں عورتوں کا شعبہ
باقاعدہ مصروف عمل ہوگا
انشاء اللہ تعالیٰ
مینیجر مشہور دواخانہ ایوان محمود
ربوہ فون نمبر ۶۳۸

پنجاب بھر میں احمدی بچوں کا پہلا لاجواب تحفہ
برہانِ ہدایت
جلد دوم معہ خلاصہ جلد اوّل - مرتبہ مولوی عبدالرحمٰن صاحب مبشر فاضل
زیور طباعت سے آراستہ ہو کر جلسہ سالانہ پر آ رہی ہے۔ جو تاریخی لاجواب دلائل کا نہایت دلآویز اور دلچسپ مجموعہ ہے۔ کاغذ کی گرانی اور طباعت و کتابت کی گراں بار اجرت کی وجہ سے محدود تعداد میں چھپوائی گئی ہے۔ تقریباً ساڑھے چار صد صفحات اور بیسیوں بزرگان سلسلہ کی تصاویر سے مزین ہے۔ جنکے مضامین درج کتاب ہیں ہدیہ مبلغ ۳۰ روپے فی جلد ہے ایام جلسہ سالانہ میں ہر کتب فروش سے دستیاب ہوگی معاونین حضرات جنہوں نے پیشگی قیمت ادا کی ہے ہمارے سٹال ترجمۃ القرآن طرز جدید گولبازار سے حاصل فرما سکتے ہیں۔ المنـــــــ

فون نمبر ۵۰۸ — فون گھر ۴۰۵

جائیداد کی خرید و فروخت کے لئے بلال اسٹیٹس پراپرٹی ڈیلر ربوہ

Digitized by Khilafat Library Rabwah

سونے چاندی کے زیورات
اعلیٰ اور جدید ڈیزائنوں میں بنوانے کیلئے اور
خرید و فروخت کیلئے
نیز
الیف اللہ بکاف عبدہ کی انگوٹھیاں
دیدہ زیب ڈیزائنوں میں اور سستی و
نورجن کو کے خریدنے کا اعلیٰ مرکز
پاک گولڈ سمتھ
میاں عبدالمنان نامزد لہ میاں عبدالسلام صاحب
عقب جمال بیکری گول بازار ربوہ فون نمبر ۵۵۰

جلسہ سالانہ پر آنیوالے احباب پہلی فرصت میں
مندرجہ ذیل کتب حاصل کریں
۱۔ حضرت بانی سلسلہ عالیہ احمدیہ کی تفسیر کا سیٹ
۲۔ تاریخ احمدیت سترھویں جلد
مینیجنگ ڈائریکٹر ادارۃ المصنفین ربوہ

جائیداد کی خرید و فروخت
کیلئے
بہترین با اعتماد اور محنتی ادارہ جس کا نصب العین دیانت، خدمت اور شرافت ہے۔ احباب جو ان خوبیوں کو پسند کرتے ہوں ہمیں اپنی خدمت کا موقعہ دیں
راجپوت پراپرٹی ڈیلر
افضل مارکیٹ گولبازار ربوہ

کئی سال سے آپ کی بے لوث خدمت کرنیوالا
واحد ادارہ
احمد اسٹیٹس رجسٹرڈ
۔ سکنی و زرعی اراضی ۔ مکانات و پلاٹس وغیرہ خرید و فروخت کے لئے آپ کی خدمت کا متمنی
احمد اسٹیٹس رجسٹرڈ انس مارکیٹ ربوہ
فون نمبر ۵۳۵

آپ کی اپنی دکان
نفیس ٹیلرز ہاؤس
ہمارے ہاں لیڈیز ٹیلرز سپیشلسٹ ٹیلرز
سلم ستارہ۔ زری اور عام کڑھائی
کا اعلیٰ معیار کا کام مناسب دام پر کروائیے۔
آزمائش شرط ہے۔
نفیس زری ٹیلرز
کالج روڈ۔ ربوہ

ڈان ٹی وی سنٹر
اجتماعات اور جلسہ سالانہ کی تقاریر کے کیسٹ پانچ منٹ میں ریکارڈ کرائیں۔ نیز ٹیلیویژن ریڈیو ٹیپ ریکارڈ کی تسلی بخش مرمت کے لئے ہمارے ہاں تشریف لائیں۔
مینیجر ڈان ٹی وی سنٹر اقصیٰ روڈ ربوہ

بشیر انجینئرنگ انڈسٹریز لمیٹڈ
ایسوشی ایٹس آف
میسرز بشیر اینڈ کمپنی
ایکسپورٹرز اینڈ امپورٹرز
(گورنمنٹ کے منظور شدہ ٹھیکیدار برائے ملٹری۔ ریلوے ٹیلیگراف۔ ٹیلی فون۔ واپڈا اور دوسرے شعبہ جات)
لوہے کے جستی تار، نیز کاسٹ آئرن کے گھریلو استعمال کے
سیوریج پائپ اور لوہے کی ہر قسم کی چادروں کیلئے ہمیں خدمت کا موقع دیں
ہیڈ آفس:۔ حمید منزل ۸۹ انارکلی لاہور — فون نمبر ۵۲۷۸۳ ۴۱۳۴۲۶
شاخیں — (i) لوہا مارکیٹ، لاہور — فون نمبر ۵۶۰۲۳
(ii) کے ایم سی، ۷۷ گارڈن مارکیٹ، لارنس روڈ کراچی فون نمبر ۷۸۵۶۴
فیکٹری — ۲۲۔ کلومیٹر (لاہور شیخوپورہ روڈ) لاہور